صحافت دباؤ میں ہے، حکومت اور عدلیہ کو آزاد صحافت کی حفاظت کرنی چاہیے، سپریم کورٹ

صحافی کو ہراساں کرنے والے 5 اہلکاروں کو 2 سال قید کی سزا

عدالت نے ملزمان پر 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا

سپریم کورٹ آف پاکستان نے صحافی کو ہراساں کرنے کے مقدمے میں 5 اہلکاروں کو 2 سال قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے ملزمان پر 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا۔ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں ملزمان کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ جرمانے کی رقم متاثرہ صحافی کو ادا کی جائے گی۔ فیصلہ جسٹس سید منصور علی شاہ نے تحریر کیا۔ بنچ میں جسٹس یحییٰ آفریدی بھی شامل تھے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ آزاد صحافت کے بغیر جمہوریت کا تصور ممکن نہیں۔ ریاست کے تمام ادارے صحافت کی آزادی کا احترام کریں۔ صحافی کو ہراساں کرنا آئین کی خلاف ورزی ہے۔ عدالت نے کہا کہ صحافی کو ہراساں کرنے والے اہلکاروں کو سزا دینا ضروری تھا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ